Series GEFH1/5

SET ~ 2

رول نمبر
Roll No.

Q.P. کوڈ
Q.P. Code 252/5/2

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

**(Urdu Version)**

مقررہ وقت : 3 گھنٹے
*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80
*Maximum Marks : 80*

| |
|---|
| **: NOTE/نوٹ** |
| (i) آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 12 ہے۔<br>Please check that this question paper contains 12 printed pages |
| (ii) پرچہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔<br>Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate. |
| (iii) آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 30 ہے۔<br>Please check that this question paper contains 30 questions. |
| (iv) **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا نمبر ضرور جوابی کاپی میں لکھیں۔**<br>**Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.** |
| (v) سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامہ صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔<br>15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the candidates will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period. |

**عام ہدایات:**

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے اور ان پر عمل کیجیے:**

(i) اس سوال نامے میں 30 سوالات ہیں۔ **تمام** سوال کرنے لازمی ہیں۔

(ii) سوالنامے میں **پانچ** حصے ہیں۔ **حصہ** – E اور D،C ،B ،A۔

(iii) **حصہ**– A میں سوال نمبر 1 تا 12 کثیر اختیاراتی سوالات (MCQ) ہیں۔

(iv) **حصہ**– B میں سوال نمبر 13 تا 18 چھوٹے جواب (SA) کے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال 2 نمبر کا ہے۔ ان میں ہر ایک سوال کا جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) **حصہ** – C میں سوال نمبر 19 اور 23 لمبے جواب (LA) کے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) **حصہ**– D میں سوال نمبر 24 تا 26 پیرا گراف، کارٹون اور نقشے پر مبنی ہیں۔

(vii) **حصہ** – E میں سوال نمبر 27 تا 30 لمبے جواب (LA) کے سوال ہیں۔ ہر ایک سوال 6 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 170 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(viii) سوالنامے میں مجموعی طور پر کوئی Choice نہیں ہے حالانکہ کچھ سوالوں میں اندرونی انتخاب کرنے کا اختیار (Internal Choice) دیا گیا ہے۔ ان سوالوں میں صرف ایک ہی متبادل کا جواب لکھنا ہے۔

(ix) اس کے علاوہ ہر ایک حصے اور ہر ایک سوال کے ساتھ جہاں ضروری ہے ہدایات دی گئی ہے۔

## حصہ – A

درج ذیل سوال (1 اور 2) میں، دو بیانات (A) دعویٰ (Assertion) اور (R) وجہ (Reason) دیے گئے ہیں۔ ان دونوں بیانوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے:

1. **(A) دعویٰ (Assertion)**: اقوام متحدہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ یونی پولر دنیا میں بہتر کام کر پائے گا۔

**(R) وجہ (Reason)** : سوویت یونین (USSR) کے انتشار (ٹوٹنے) کے بعد کئی نئے ممالک اقوام متحدہ میں شامل ہوئے۔ 1

(a) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں اور (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(b) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(c) (A) صحیح ہے، لیکن (R) غلط ہے۔

(d) (A) غلط ہے، لیکن (R) صحیح ہے۔

.2 (A)**دعویٰ (Assertion)** : 1990 کی دہائی میں بادشاہت، دستوری بادشاہت کے دوران نیپال کی عوام اور سیاسی جماعتیں ایک زیادہ فراخ اور نمائندہ طرز حکومت چاہتی تھیں۔

(R) **وجہ (Reason)** : فوج کی حمایت اور پشت پناہی سے بادشاہ نے حکومت پر مکمل قابو رکھا اور نیپال میں جمہوریت کی نمو پر روک لگادی۔ 1

(a) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں اور (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(b) دونوں (A) اور (R) صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(c) (A) صحیح ہے، لیکن (R) غلط ہے۔

(d) (A) غلط ہے، لیکن (R) صحیح ہے۔

.3 جموں اور کشمیر سے متعلق آرٹیکل 370 کو کب ختم کیا گیا؟ 1

(a) 26 جنوری 2019 (b) 15 اگست 2019

(c) 9 اگست 2019 (d) 19 اگست 2019

.4 اقوام متحدہ سلامتی کونسل (UN Security Council) کے غیر مستقل ممبران کو کتنے سالوں کے لیے منتخب کیا جاتا ہے؟ 1

(a) ایک سال (b) دو سال

(c) تین سال (d) پانچ سال

.5 درج ذیل میں سے کون سا ایک، نیتی آیوگ (NITI Aayog) کا مقصد **نہیں** ہے؟ 1

(a) ہندوستان کی ترقی کے لیے حکمت عملی بہم پہنچانا۔

(b) یونین گورنمنٹ کے لیے تھنک ٹینک (Think Tank) کی شکل میں کام کرنا۔

(c) ترقی کے پروگراموں کے لیے فنڈ اکٹھا کرنا۔

(d) پالیسیوں کو عمل میں لانے میں دھیمے پن کو ختم کرنا۔

6. درج ذیل کو تاریخی ترتیب میں لکھیے: 1

(i) لال بہادر شاستری وزیر اعظم بنے
(ii) تاشقند سمجھوتہ
(iii) چوتھا عام چناؤ
(iv) وی۔وی۔ گری کا صدارتی الیکشن

صحیح جواب کا انتخاب کیجیے:

(a) (i), (ii), (iii), (iv)
(b) (ii), (iii), (iv), (i)
(c) (iii), (iv), (i), (ii)
(d) (ii), (iv), (i), (iii)

7. 'بمبئی پلان' کے بارے میں درج ذیل میں سے کون سا بیان **غلط** ہے؟ 1

(a) یہ ہندوستان کے اقتصادی مستقبل کا ایک خاکہ تھا۔
(b) اس نے صنعت کے ریاستی ملکیت ہونے کی حمایت کی تھی۔
(c) اس کو کچھ نمایاں صنعت کاروں نے تیار کیا تھا۔
(d) اس نے منصوبہ بندی کی زوردار حمایت کی۔

8. ہندوستان اور نیپال کے تعلقات کے بارے میں درج ذیل بیانات میں سے کون سا بیان صحیح **نہیں** ہے؟ 1

(a) ہندوستان اور نیپال کے درمیان بغیر ویزا کے ایک دوسرے ملک میں سفر اور کام سے متعلق ایک خصوصی معاہدہ ہے۔
(b) ہندوستان، نیپال سے آنے والے دریا کا پانی بانٹتا ہے۔
(c) دونوں ممالک میں جمہوری حکومت ہے۔
(d) نیپال ہمیشہ ہندوستان کی پالیسیوں کی اتباع کرتا ہے۔

9. ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ذریعے ترقی پذیر ممالک میں سرمایہ کاری کرنے کے اہم سبب کو پہچانیے۔ 1

(a) محروم لوگوں (under privileged people) کی فلاح کرنا۔
(b) اپنا سرمایہ بڑھانا اور زیادہ منافع کمانا۔
(c) دوسرے ملکوں کو فائدہ پہنچانا۔
(d) ترقی پذیر ملکوں کی حکومت کو مالیاتی مدد فراہم کرنا۔

10. درج ذیل میں سے کون سی دہائی ہندوستان میں 'دوسری جمہوریت کی لہر' کا وقت تھا؟ 1

(a) 1960 کی دہائی (b) 1970 کی دہائی

(c) 1980 کی دہائی (d) 1990 کی دہائی

11. درج ذیل میں سے کون دراویڈین تحریک (Dravid Movement) کا اہم لیڈر تھا؟ 1

(a) کے۔کامراج (b) ای۔وی۔راماسوامی

(c) کے۔کروناندھی (d) سی۔انّادورئی

12. درج ذیل خالی جگہ کو ذیل میں دی گئی مناسب اصطلاح سے بھریئے : 1

______ کا مطلب ایسی ترقی سے ہے جو موجودہ (حال) نسل کی ضرورتوں کو آنے والی نسل کی ضرورتوں کے ساتھ سمجھوتہ کیے بغیر پورا کرتی ہے۔

(a) عالم گیر مشترکات (b) تباہی کے بغیر ترقی

(c) پائیدار فروغ (d) ترقی یافتہ ملکوں کی سیاست

## حصہ - B

13. جنوبی ایشیا کے جمہوریت کے تجربوں سے جمہوریت کے عالمی تصور کا دائرہ بڑھ گیا۔اس قول کو ثابت کیجیے۔ 2

14. ہندوستان نے نیوکلائی معاہدوں جیسے سی۔ٹی۔بی۔ٹی۔ (CTBT) (تجربات پر مکمل پابندی کے معاہدے) اور این۔پی۔ٹی۔ (NPT) (غیر توسیعی معاہدہ) پر دستخط کیوں نہیں کیے؟ کوئی دو اسباب بیان کیجیے۔ $2 \times 1 = 2$

15. تبتی مہاجرین کو بسانے میں ہندوستان کے ذریعے نبھائے گئے رول کا تجزیہ کیجیے۔ 2

16. بین الاقوامی مزدور تنظیم (ILO)(International Labour Organisation) کے کوئی دو کام بیان کیجیے۔ $2 \times 1 = 2$

17. ہندوستان اور پاکستان کے درمیان رشتوں کو بہتر بنانے کے لیے کسی دو طریقوں کا مشورہ دیجیے۔ $2 \times 1 = 2$

18. مرکزی حکومت کے ذریعے پلاننگ کمیشن کی جگہ پر نیتی آیوگ (NITI Aayog) کو قائم کرنے کے کوئی دو اسباب بیان کیجیے۔ $2 \times 1 = 2$

## حصہ – C

19. ہندوستان کے ساتھ راجاؤں کی ریاستوں کے ادغام میں سردار پٹیل نے جو کردار ادا کیا اس کی جانچ کیجیے۔ 4

20. پانچویں عام انتخابات 1972 کے بجائے ایک سال پہلے 1971 میں کیوں کروائے گئے؟ اس کے کوئی دو سبب بیان کیجیے۔ $2 \times 2 = 4$

21. ماحولیاتی انحطاط کے خلاف چلائی گئی کسی دو بین الاقوامی تحریکوں کو اجاگر کیجیے۔ $2 \times 2 = 4$

22. ہندوستان کے شمال مشرق کے زیادہ تر علاقوں میں علاقائی 'خود مختاری کی مانگ' کے لیے یونین گورنمنٹ کے ذریعے اٹھائے گئے کسی دو اقدام کا جائزہ لیجیے۔ $2 \times 2 = 4$

23. " 'عرب اسپرنگ' (Arab Spring) ناانصافی کے خلاف عوام کا انقلاب تھا"۔ اس قول کی تائید میں کوئی دو مثالیں دیجیے۔ $2 \times 2 = 4$

## حصہ - D

24. دیے گئے ہندوستان کے نقشے کے سیاسی خاکے میں چار ملکوں / ریاستوں کو A، B، C اور D سے دکھایا گیا ہے۔ درج ذیل معلومات کی مدد سے ان کی پہچان کیجیے۔ اور ان کے صحیح نام، استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور ان سے متعلق حروف کو نیچے دیے گئے فارمیٹ کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیے : $4 \times 1 = 4$


(i) وہ ملک جس کے ساتھ ہندوستان کی 1962 میں جنگ ہوئی۔

(ii) وہ ملک جس کے ساتھ ہندوستان کا کشمیر کے مدعے پر تنازعہ تھا۔

(iii) وہ ملک جو 1971 کی جنگ کے بعد ظہور میں آیا۔

(iv) ہندوستان کی وہ ریاست جو چین کے ساتھ سرحد میں حصہ دار ہے۔

| استعمال کی گئی معلومات کا سیریل نمبر | نقشے میں متعلق حروف | ملک / ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |



**نوٹ: درج ذیل سوالات صرف نابینا امیدواروں کے لیے سوال نمبر 24 کے بدلے :** $4 \times 1 = 4$


(24.1) اس ملک کا نام لکھیے جس کے ساتھ ہندوستان نے 1962 میں جنگ لڑی تھی۔

(24.2) آزادی کے بعد سے ہی کس ملک کے ساتھ ہندوستان کا کشمیر مدعے پر تنازعہ رہا ہے؟

(24.3) شیخ مجیب الرحمٰن سے متعلق ملک کا نام لکھیے۔

(24.4) کون سی ہندوستان کی ریاست شمال مشرقی اپنی سرحد میں چین کے ساتھ حصہ دار ہے؟

25. نیچے دیے گئے کارٹون کا مطالعہ کیجیے اور اس کے نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : $4 \times 1 = 4$




(i) کارٹون میں دکھائے گئے فوجی کا تعلق درج ذیل میں سے کس ملک سے ہے؟

(a) یو۔ایس۔ایس۔آر۔ (b) یو۔ایس۔اے۔

(c) عراق (d) ایران

(ii) کس سال عراق پر آپریشن آزادی عراق (Operation Iraq Freedom) کے خفیہ نام سے حملہ کیا گیا تھا؟

(a) 1993 (b) 2000

(c) 2003 (d) 2008

(iii) کارٹون میں دکھائے گئے ملکوں میں سے کون سا ایک ملک خلیجی ملک (Gulf Country) ہے؟

(a) ایران (b) قزاکستان

(c) پاکستان (d) اومان

(iv) پہلی خلیجی جنگ (Gulf War) کو درج ذیل میں سے کس دوسرے نام سے بھی جانا جاتا ہے؟

(a) اسمارٹ جنگ(Smart war)

(b) آپریشن لبریشن(Operation liberation)

(c) کمپیوٹر کی جنگ(Computer war)

(d) پائدار آزادی کی مہم(Operation enduring freedom)

**نوٹ: درج ذیل سوالات صرف نابینا امیدواروں کے لیے سوال نمبر 25 کے بدلے:** 4 × 1 = 4

(25.1) درج ذیل میں سے کون سی گلف کنٹری (خلیجی ملک) ہے؟

(a) ایران (b) پاکستان

(c) اومان (d) قزاکستان

(25.2) کس سال عراق پر آپریشن آزادی عراق کے خفیہ نام سے حملہ کیا گیا تھا؟

(a) 1995 (b) 1999

(c) 2003 (d) 2007

(25.3) WMD کی فل فارم کیا ہے؟

(a) ویپنس آف مینیمم ڈسٹرکشن(Weapons of minimum destruction)

(b) ویپنس آف ماس ڈسٹرکشن(Weapons of mass destruction)

(c) ویپنس آف میکسیمم ڈسٹرکشن(Weapons of maximum destruction)

(d) ویپنس آف موسٹ ڈسٹرکشن(Weapons of most destruction)

(25.4) پہلی خلیجی جنگ ________ کے نام سے بھی جانی جاتی ہے۔

(a) اسمارٹ جنگ (b) آپریشن لبریشن

(c) کمپیوٹر کی جنگ (d) پائدار اور آزادی کی مہم

26. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 4 × 1 = 4

ایک نظریہ یا تصور کے اعتبار سے عالم گیریت کا تعلق دھاراؤں (Flows) سے ہے۔ یہ دھارائیں کئی قسم کی ہو سکتی ہیں مثال کے طور پر دنیا میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پر نظریات و خیالات کا آنا جانا، سرمایے کی ایک جگہ سے دو تین جگہوں پر منتقلی، سامانِ تجارت کا سرحدوں سے ادھر ادھر جانے اور بہتر روزگار کے لیے لوگوں کا دنیا کے دوسرے علاقوں میں جانا وغیرہ وغیرہ۔ عالم گیریت کا اصل عنصر یا جز عالمی سطح پر ایک دوسرے سے مستقل میل جول اور اس میل جول کی ان دھاراؤں کی برقراری ہے۔

(i) عالمی سطح پر باہمی رشتوں کو ________ بھی کہا جاتا ہے۔

(a) عالم گیریت (b) لبرالایزیشن

(c) سوشلزم (d) نجی کاری

(ii) عالم گیریت کثیر جہتی ہے ________

(a) سیاسی، سماجی اور روحانی (b) سیاسی، معاشی اور جغرافیائی

(c) سیاسی، معاشی اور ماحولیاتی (d) سیاسی، سماجی اور معاشی

(iii) درج ذیل میں سے کون معاشی سرگرمیوں میں اضافہ کرتا ہے؟

(a) روزگاروں کا کم ہونا (b) غریبی کے اشاریہ میں اضافہ

(c) مضبوط عالم گیری معاشی ترقی (d) تجارت میں تیزی سے گراوٹ

(iv) درج ذیل میں سے کون عالم گیریت کا ایک اثر ہے؟

(a) ریاستوں کی طاقت میں اضافہ ہوا ہے۔

(b) نئی نئی تجارتی پابندیاں لاگو کی گئی ہیں۔

(c) صارف کے انتخاب کے اختیار میں اضافہ ہوا ہے۔

(d) مقامی صنعتوں کو بڑھاوا ملا ہے۔

## حصہ - E

27. (a) ایسیان برادری (ASEAN Community) کے تین اہم ستونوں اور ان کے ایک ایک مقاصد کو بیان کیجیے۔ $3 + 3 = 6$

یا

(b) چین کے ذریعے اپنی معیشت کو فروغ دینے کے لیے اٹھائے گئے کوئی تین اقدام بیان کیجیے۔ $3 \times 2 = 6$

28. (a) منڈل کمیشن کی تین سفارشات کس طرح دیگر پس ماندہ طبقوں کے مسائل کو حل کرنے کی ایک کوشش ہے؟ تجزیہ کیجیے۔ $3 \times 2 = 6$

یا

(b) ہندوستان کی سیاست میں 'دیگر پسماندہ طبقہ' کے سیاسی عروج کے لیے ذمہ دار کسی تین عوامل کا تجزیہ کیجیے۔ $3 \times 2 = 6$

29. (a) سلامتی کے لیے ایک نئے خطرے کی شکل میں دہشت گردی کی وضاحت کسی دو مثالوں کی مدد سے کیجیے۔ $2 \times 3 = 6$

یا

(b) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے نئے مستقل یا غیر مستقل ممبروں کے لیے تجویز کیے گئے کسی چار معیاروں (اصول و ضوابط) کو بیان کیجیے۔ $4 \times 1\frac{1}{2} = 6$

30. (a) 1975 میں ایمرجنسی کا اعلان ہندوستانی سیاست کا سب سے زیادہ متنازعہ واقعہ کیوں مانا جاتا ہے؟ کوئی تین اسباب اجاگر کیجیے۔ $3 \times 2 = 6$

یا

(b) 1977 کے چناؤ میں کانگریس پارٹی کے زوال کے ذمہ دار کوئی تین عوامل اجاگر کیجیے۔ $3 \times 2 = 6$

---